© rasailojaraid.com



## فضیلۃ الشیخ مولانا نجیب اللہ طارق کی ہمشیرہ محترمہ باجی خالدہ انتقال فرما گئیں۔

جماعتی و تعلیمی حلقوں میں یہ خبر انتہائی حزن و ملال سے سنی گئی کہ فضیلۃ الشیخ مولانا نجیب اللہ طارق صاحب مدرس جامعہ سلفیہ کی ہمشیرہ محترمہ باجی خالدہ صاحبہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔(انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ دین اسلام کی معروف مبلغہ اور بہترین معلّمہ تھیں۔فیصل آباد میں خواتین کی تعلیم وتربیت کے لیے اولین ادارہ ''جامعہ کلیہ شرعیہ للبنات مدینہ ٹاؤن'' قائم کرنے کی انہیں سعادت حاصل ہے مرحومہ کی ساری زندگی دین اسلام کی تبلیغ وارشاد اور خواتین کی تعلیم وتدریس میں گزری ان کی شاگرد خواتین آج ملک کے اطراف واکناف میں ان کے مشن کی آبیاری میں مصروف ہیں۔مرحومہ نہایت صابرہ وشاکرہ خاتون تھیں۔کینسر جیسی موذی بیماری کو طویل عرصہ بڑے صبر وتحمل سے برداشت کیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ' مدینہ ٹاؤن میں شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ نے پڑھائی جس میں دور دراز سے علماء کرام اور دینی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔جامعہ سلفیہ کے اساتذہ وطلباء نے نماز جنازہ کے بعد مولانا نجیب اللہ صاحب اور مرحومہ کے بیٹوں مولانا عبدالحنان اور مولانا عبدالمنان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور مرحومہ کے لیے بلندی درجات کی دعا کہ اللہ تعالیٰ ان کی سعی وکوشش کو قبول فرما کر انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔آمین

## فضیلۃ الشیخ مفتی عبدالحنان زاہد حفظہ اللہ تعالیٰ کو صدمہ

جماعت کے معروف ومشہور خطیب ومبلغ جامعہ سلفیہ کے سینئر استاد اور ادارہ الافتاء کے مدیر جناب مفتی عبدالحنان زاہد حفظہ اللہ تعالیٰ کی ہمشیرہ محترمہ مختصر علالت کے بعد وفات پا گئیں۔(انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ نہایت صالحہ' صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب زندہ دار تھیں۔خاندان میں انہیں بزرگی کا مقام حاصل تھا خاندانی افراد ان کے مشورے





© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور حکم کو بڑی اہمیت دیتے تھے۔ مرحومہ کی نماز جنازہ موکھل ضلع قصور میں مولانا مفتی عبدالحنان زاہد حفظہ اللہ تعالیٰ نے پڑھائی اور انہیں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ جامعہ سلفیہ کے اساتذہ وطلبہ نے حضرت مفتی صاحب سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کی بلندی درجات اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## پروفیسر ایس ایم شریف کو صدمہ

گذشتہ دنوں جامعہ سلفیہ ٹرسٹ کے رکن جناب پروفیسر ایس ایم شریف کی جواں سال بیٹی اچانک حرکت قلب بند ہونے سے وفات پا گئیں (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ پروفیسر صاحب کی سب سے چھوٹی بیٹی ہونے کے ناطے بڑی چہیتی تھیں جس کی اچانک وفات نے سارے خاندان کو عموماً اور پروفیسر صاحب کو خصوصاً غمزدہ کر دیا۔ مرحومہ کی نماز جنازہ فضیلۃ الشیخ حافظ مسعود عالم حفظہ اللہ تعالیٰ نے پڑھائی جس میں ہر شعبہ زندگی سے متعلق لوگوں نے شرکت کی۔ جامعہ کے اساتذہ وطلبہ نے پروفیسر صاحب سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کی بلندی درجات کی دعا کی۔

## فضیلۃ الشیخ مولانا زبیر احمد کو صدمہ

جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے مدرس اور جامع مسجد اہل حدیث 204 ر۔ب فیصل آباد کے خطیب مولانا زبیر احمد صاحب کی بیٹی کم سنی میں اچانک وفات پا گئیں (انا للہ وانا الیہ راجعون) اللہ تعالیٰ نے مولانا کو 4 بیٹوں کے بعد دو جڑواں بیٹیاں عطا فرمائیں۔ تو بڑے خوش تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو ایسے ہی منظور تھا کہ ان کی جدائی کا غم سہنا پڑ گیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ کریم انہیں دنیا میں اس بیٹی کا نعم البدل عطا فرمائے اور آخرت میں ذریعہ نجات بنائے۔ جامعہ کے تمام اساتذہ وطلبہ اور انتظامیہ مولانا کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔



© rasailojaraid.com